## سوال

(297)فتویٰ بابت نکاح بیوگان

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فتویٰ بابت نکاح بیوگان

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فتویٰ بابت نکاح بیوگان

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ اور زمین پر اپنا خلیفہ بنایا اور ان کی اولاد سے زمین کو آباد فرمایا جیسا کہ آیت شریفہ میں ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً ١ سورة النساء

ترجمہ۔ ''(تمہارے رب نے) تم کو ایک شخص سے پیدا کیا۔ (اول) اس سے اس کا جوڑا بنایا۔ پھر ان دونوں سے بہت مرد اور عورت (پیدا کر کے زمین پر) پھیلا دیا۔''

دوسرے مقام میں فرمایا۔

وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَجَعَلَ لَكُم مِّنْ أَزْوَاجِكُم بَنِينَ وَحَفَدَةً ٧٢ سورة النحل

ترجمہ۔ اور اللہ نے تمہارے لئے تم میں سے بیبیاں بنایئں اور تمہارے لئے تمہاری بیبیوں سے بیٹے اور پوتے بنائے۔ ''

اور نسل انسانی کے بڑھتے رہنے کو بغیر زوجہ والے مردوں اور بغیر شوہر والی عورتوں کا نکاح اور بیان کر دینے کا حکم فرمایا۔

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ ٣٢ سورة النور

